سوال

(61)وضو کی فضیلت اور برکات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کی فضیلت وبرکات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: "میں قیامت کے روز اپنی اُمت کے لوگوں کو پہچان لوں گا۔" کسی نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کیسے؟ وہاں تو ساری دنیا کے انسان جمع ہوں گے؟ فرمایا: "ایک پہچان یہ ہوگی کہ وضو کی وجہ سے میری امت کے چہرے اور ہاتھ جگمگا رہے ہوں گے۔" (فتح الربانی 2/35) یہ روایت کیسی ہے؟ (محمد محسن سلفی، کراچی)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روایت مذکورہ کے مفہوم کی دو روایتیں الفتح الربانی (2/30) میں موجود ہیں:

(1)۔ "عن نُعیم المجمر عن أبي ہریرة رضی اللہ عنہ الخ"

یہ روایت بالکل صحیح ہے اور صحیح بخاری (136) و صحیح مسلم (246/35، 34) میں موجود ہے۔

(2)۔ "عن زر بن حبیش عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ الخ"

یہ روایت سنن ابن ماجہ (284) میں موجود ہے اور حسن لذاتہ ہے۔ (شہادت، اگست 2004ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔کتاب العقائد۔صفحہ213